# اہلِ خانہ کے لیے
# ریموٹ لرننگ کا ایک جائزہ

آپ کے بچے کی گھر پر تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے معلومات اور تجاویز

NYC Department of Education

# ریموٹ لرننگ مندرجات کی فہرست

ذیل کی پیشکش میں پیدائش سے لے کر گریڈ 12 تک کے بچوں کو انکی ریموٹ لرننگ میں مدد کے لیے اہم معلومات اور وسائل شامل ہیں۔



| لیبل | حاضرین | سلائڈ نمبر |
|---|---|---|
| Birth-5<br>NYC Department of Education Birth-5 | شیر خوار، نونہال، 3 سالہ اور 4 سالہ 5 سال کی عمر کو پہنچ رہے ہیں۔ | 3 - 7 |
| K-12<br>NYC Department of Education K-12 | کنڈرگارٹن تا گریڈ 12 میں طلبا | 8 - 19 |
| Birth-12<br>NYC Department of Education Birth-12 | محکمئہ تعلیم میں تمام طلبا | 20 - 30 |

# پیدائش تا 5 کے لیے ریموٹ لرننگ

ذیل کے جز میں شیر خوار، نونہال، 3 سالہ اور 4 سالہ 5 سال کی عمر کو پہنچ رہے بچوں سے مخصوص معلومات شامل ہیں۔



NYC Department of Education Birth-5

# نوعمر بچوں کے لیے ریموٹ لرننگ کیسی نظر آتی ہے؟



یاد رکھیں بچے کسی بھی وقت، کہیں بھی اور کسی بھی چیز سے کھیلنا پسند کرتے ہیں۔ جب وہ کھیلتے ہیں، وہ اپنے اردگرد کی دنیا کے بارے میں سیکھتے ہیں اور اہم صلاحیتوں کی مشق کرتے ہیں۔


آپ کا گھر پہلے ہی سیکھنے کے مواقع سے بھرپور ہے۔ آپ ذیل کے ذریعے اگلی سلائیڈز پر تدریس میں مدد کے لیے وسائل کی چھان بین کرسکتے ہیں:

- اپنے آپ کی اور اہل خانہ کی مناسبت سے روزمرہ کا ایک معمول بنا کر تاکہ ہر ایک کو معلوم رہے کہ کیا توقع رکھنا چاہیے۔
- اپنے بچے کی فون کالز اور وڈیو کالز کے ذریعے دوسروں سے رابطے میں رہنے میں مدد کرکے۔ مستحکم تعلقات بچوں کو مضبوط رہنے اور پروان چڑھنے میں مدد کرتے ہیں۔
- اپنے بچے سے نوئیل کرونا وائرس (COVID-19) اور اس بارے میں بات کریں کہ اسکول کیوں بند ہیں۔
- کھیل کے ذریعے متعدد مواقع فراہم کریں۔



NYC Department of Education Birth-5

# نوعمر بچوں کے لیے سرگرمیاں





ابتدائی طفولیت: گھر پر تعلیم صفحے کا جائزہ لیں اس بارے میں رہنمائی کے لیے کہ نوعمر بچوں کی گھر پر تعلیم میں کیسے مدد کریں۔

- گھر پر تعلیم: ابتدائی طفولیت تدریسی وسائل دستاویز میں عمر اور موضوع کے لحاظ سے سرگرمیاں منظم کی گئی ہیں۔ ان سرگرمیوں میں کسی سامان کی ضرورت نہیں یا ایسا سامان جو آسانی سے گھر پر پایا جاسکتا ہے۔
- گھر پر تعلیم: اضافی وسائل صفحے پر اپنے بچے کی تعلیم میں اعانت کے لیے پُرتفریح ڈجیٹل اور آن لائن سرگرمیوں کی بھی چھان بین کرسکتے ہیں۔ اس میں نیویارک شہر پروگرامز اور خدمات، اور مددگار والدینیت کی معلومات بھی شامل ہیں۔

**خاص شہ سرخیاں:** ملاحظہ کریں
گروئنگ اپ این وائی سی صفحہ روزمرہ کے اوقات میں ذہنی نشوونما کی سرگرمیاں شامل کرنے کے لیے۔

# نوعمر بچوں سے COVID-19 کے بارے میں بات کرنا





اپنے بچے سے COVID-19 کے بارے میں کیسے بات چیت کریں اس بارے میں معلومات اس اسکول بند ہونے کے دوران نوعمر بچوں کے خاندانوں کے لیے رہنمائی میں پائیں۔

آپ کرونا وائرس کے بارے میں جدید معلومات یہاں پر دیکھ سکتے ہیں: گروئنگ اپ این وائی سی: کرونا وائرس جدید معلومات صفحہ، بشمول جدید ترین معلومات برائے:

- بچوں کی دیکھ بھال
- کھانا
- رہائش
- جذباتی اعانت
- دیگر اہم اعانتیں

NYC Department of Education Birth-5

# اپنے نوعمر بچے کے پروگرام عملے سے رابطہ کرنا



آپکے بچے کا پروگرام عملہ آپکی اعانت کے لیے دستیاب ہے۔ آپ ان سے ذیل کے بارے میں بات کرسکتے ہیں:

- ایک روزمرہ کا معمول قائم کرنا
- ایک سرگرمی کی خوشی منانا جس کو آپ اور آپ کے بچے نے مکمل کیا ہے
- گھر پر علم حاصل کرنے کے متعلق اپ کے سوالات

عملے کو ہر بچے یا والدین سے ہفتے میں **دو بار** رابطہ کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔

- یہ ہفتہ وار رابطے آپ کے بچے کی حاضری کے طور پر گنے جائیں گے۔

پروگرام عملے سے آپ کی ترجیحی زبان میں ابلاغ (فون، ای میل، یا دیگر ڈجیٹل ابلاغ)

- اگر آپ کا بچہ ہمارے پروگرام میں فراہم کردہ باہمی ریموٹ لرننگ رابطوں میں حصہ لینےکے قابل نہیں ہے، پروگرام کو مطلع کریں اور وہ آپ کے خاندان کی ضروریات کے مطابق سہولیات کا بندوبست کریں گے۔



NYC Department of Education Birth-5

# ریموٹ لرننگ برائے K-12

ذیل کے جز میں کنڈرگارٹن تا گریڈ 12 کے طلبا کے لیے مخصوص معلومات شامل ہیں۔



NYC Department of Education K-12



# ریموٹ لرننگ:

- ریموٹ لرننگ آپ کے بچے کو اپنے اساتذہ سے آن لائن تدریس جاری رکھنے کا موقع دیتی ہے۔ آپ کا بچہ گھر سے اسباق میں شرکت اور تفویضات مکمل کرسکے گا۔
- آپ کا بچہ ریموٹ لرننگ تک کمپیوٹر، فونز، اور ٹیبلیٹ کے ذریعے رسائی حاصل کرسکتا ہے۔
- ہر اسکول کا ریموٹ لرننگ کے لیے اپنا آن لائن پلیٹ فارم ہے۔ بہت سے اسکول Google کلاس روم استعمال کرتے ہیں۔

# ریموٹ لرننگ کیسی نظر آتی ہے؟

آپ کا بچہ ریموٹ لرنگ **"کسی بھی وقت" ("asynchronous“)**، **"ہمہ وقت" ("synchronous“)** یا دونوں طریقوں کے امتزاج سے کر سکتا ہے۔


**کسی بھی وقت (asynchronous)** تدریس میں، اپ کا بچہ **اپنے منتخب کردہ وقت کے دوران** اسباق میں حصہ لیتا ہے۔

- اسباق پہلے سے ریکارڈ کردہ وڈیوز، طلبا کے مطالعے کے لیے ایک مواد کا انتخاب، اور اپنے ہمسروں کے ساتھ آن لائن مباحثے کے بورڈز ہوسکتے ہیں۔

**ہمہ وقت (synchronous)** تدریس میں، آپ کا بچہ اپنے استاد اور ہمسروں کے ساتھ ایک **شیڈول کردہ وقت کے دروان** اسباق میں حصہ لیتا ہے۔

- اسباق ایسے نظر آسکتے ہیں جیسے اساتذہ اور طلبا وڈیو کیمرہ استعمال کررہے ہیں اور ایک دوسرے کو جواب دے رہے ہیں۔





Learn at Home for All Students ▸

Home ▸ Learn at Home ▸ Activities for Students

## Activities for Students

The materials on the Learn at Home pages are designed to provide supplementary learning resources to students in the event that students may need to be home from school. We encourage you to use this time to continue your student's learning while they are at home. To help students engage in educational material, we have shared the resources below for students in all grades, from Early Learn through elementary and middle school, and for high school. These materials do not replace what your child has been learning at school, but during this unusual time it is important that students continue to read, write, do social studies and science activities, and work on math problems.

The materials on the grade specific pages below include:

- Suggested daily study schedules
- Guides and materials for instructional activities
- Recommended educational television shows
- Links to a variety of books, magazines, and websites on a wide range of topics that appeal to children at all ages

# K-12 طلبا کے لیے سرگرمیاں


ہمارے طلبا کے لیے سرگرمیاں صفحے پر ایسا مواد اور وسائل ہیں جو اہلِ خانہ اپنے بچے کی گھر پر تعلیم میں استعمال کرسکتے ہیں۔

ہر گریڈ سطح اور مضامینی شعبے کے لیے سرگرمیاں دستیاب ہیں۔

یہ سرگرمیاں اس تعلیم کی جگہ نہیں لیتی ہیں جو آپ کا بچہ اسکول میں ہوتے ہوئے سیکھتا ہے یا اپنے اساتذہ کے ساتھ ریموٹ لرننگ کے دوران سیکھتا ہے۔

خاص ضروریات کے حامل طلبا اور انگریزی زبان کے متعلمین کی مدد کے لیے بھی سرگرمیاں موجود ہیں۔




# ریموٹ لرننگ پورٹل

ریموٹ لرننگ پورٹل پر آپ کے بچے کی آن لائن تدریس کے تمام وسائل موجود ہیں۔

طلبا کو ریموٹ لرننگ پورٹل میں لاگ ان کرنے کے لیے اپنا محکمئہ تعلیم طالب علم اکاونٹ درکار ہوگا۔ اس اکاونٹ کے آخر میں **"@nycstudents.net"** ہوتا ہے۔

- آپ اپنے بچے کا صارف نام یا پاس ورڈ طالب علم اکاونٹ خودکار سروس صفحے پر ڈھونڈ سکتے ہیں۔
- آپ اپنے بچے کا 9 عددی **طالب علم شناختی (OSIS) نمبر** اپنے بچے کے رپورٹ کارڈ ، طالب علم آئی ڈی کارڈ، یا NYCSA اکاونٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

مزید

# ریموٹ لرننگ پورٹل میں کیا ہے؟

جب آپ کا بچہ ریموٹ لرننگ پورٹل میں لاگ اِن کرے گا تو اس کو تین اہم تعلیمی وسائل تک رسائی ہو گی۔

- Google کلاس روم
- ٹیک ہب TeachHub
- مائیکرو سافٹ آفس 365

Department of Education K-12

# Google کلاس روم


Google کلاس روم ایک آن لائن پلیٹ فام ہے جہاں طلبا:

- مفوضہ کام مکمل اور جمع کرواتے ہیں
- اسباق میں شرکت کرتے ہیں
- اپنے اساتذہ کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں
- اپنے کلاس کے کام کو آن لائن فولڈرز میں رکھتے ہیں۔

آپ



Department of Education K-12




# Google میں دستیاب وسائل

Google کلاس روم کے علاوہ، آپ کے بچے کے پاس خود کار طور پر Google پلیٹ فارم پر کئی آن لائن وسائل کے لیے اکاونٹ ہے۔
کچھ میں ذیل شامل ہیں :

- **Docs** دستاویز کا جائزہ لینے اور ان کو تیار کرنے کے لیے۔
- **Gmail** ای میلز کے لیے۔
- **Drive** ان کی آن لائن فائلوں کو محفوظ کرنے کے لیے۔
- **Slides** پیشکشوں کا جائزہ لینے اور ان کو تیار کرنے کے لیے۔
- **Forms** آن لائن سروے یا مختصر امتحان (کوئز) کو تخلیق یا مکمل کرنے کے لیے۔
- **Sheets** سپریڈ شیٹس کا جائزہ لینے اور ان کو تیار کرنے کے لیے۔
- **Meet** اساتذہ اور ہم جماعتوں کے ساتھ محفوظ طریقے سے وڈیو یا آڈیو اجلاس (میٹنگ) کے لیے استعمال کرنے کے لیے۔

یاد


Department of Education K-12

# ٹیک ہب TeachHub

TeachHub متعدد گریڈ اور مضامین کے تعلیمی وسائل کے ساتھ ایک آن لائن پلیٹ فارم ہے۔

طلبا نے جو کچھ سیکھا ہے اس کی مشق کرنے کے لیے آن لائن کتب یا تعلیمی کھیلوں جیسے آن لائن وسائل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ان آلہ کار کو استعمال کر سکتے ہیں۔

اساتذہ بھی اپنے اسباق کی معاونت کرنے کے لیے ان وسائل کو استعمال کر سکتے ہیں۔





NYC Department of Education K-12

# مائیکرو سافٹ آفس 365

Microsoft Office 365 آپ کے بچے کو آن لائن آلہ کار تک رسائی فراہم کرتا ہے جیسے:

- **Word** دستاویز تیار کرنے یا ان کا جائزہ لینے کے لیے۔
- **PowerPoint** پیشکشیں تیار کرنے کے لیے۔
- **Teams** ان کے اساتذہ یا ہم جماعتوں کے ساتھ محفوظ انداز میں وڈیو یا آڈیو اجلاس (میٹنگ) میں شرکت کرنے کے ایک طریقے کے بطور۔
- **Excel** سپریڈ شیٹس تیار کرنے یا ان کا جائزہ لینے کے لیے۔
- **OneDrive** ان کی آن لائن فائلوں کو محفوظ کرنے کے لیے۔

مائیکروسافٹ




Department of Education K-12


# اپنے اسکول کے ساتھ ابلاغ


آپ اپنے بچے کی معاونت کرنے کے طریقوں کے بارے میں جاننے کے لیے اپنے اسکول کے ساتھ آن لائن ملاقات یا فون کالز کی درخواست کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

ہر اسکول کا ابلاغ کا منصوبہ ہے، جس میں اس بارے میں تفصیلات شامل ہوتی ہیں کہ اہل خانہ اپنے اساتذہ سے کس طرح رابطہ کر سکتے ہیں، جیسے کہ ای میل، فون یا ٹیکسٹ پیغام کے ذریعے۔

اگر آپ کو علم نہیں ہے کہ آپ کو کس سے رابطہ کرنا چاہیئے تو اپنے اسکول کے والدین **ربط دہندہ** سے رابطہ کریں۔


- اسکول تلاش کریں صفحے کو استعمال کر کے اپنے اسکول کی رابطہ معلومات اور ویب سائٹ تلاش کریں۔
- " اسکول کا مکمل خاکہ" (Full School Profile) پر کلک کریں پھر "عام معلومات" (General Information) پر۔







NYC Department of Education K-12




# اپنے ضلع کے ساتھ ابلاغ کرنا

اگر کسی بھی وجہ سے آپ اپنے اسکول سے رابطہ کرنے کے قابل نہیں ہیں تو اپنے اسکول کے ضلعی دفتر سے رابطہ کریں یا 311 کو یا والدین کی معاونت کی ہاٹ لائن سے (718) 935-2200 پر رابطہ کریں۔

اپنے ضلعی دفتر کے خاندانی قیادت رابطہ کار یا **خاندانی معاونتی رابطہ کار** سے رابطہ کریں۔

آپ اسکول تلاش کریں صفحے کو استعمال کر کے بھی ان کی رابطہ معلومات تلاش کرسکتے ہیں۔

- Full School Profile "اسکول کا مکمل خاکہ" پر کلک کریں پھر District Contacts "ضلعی روابط" پر۔

# پیدائش تا 12 کے لیے ریموٹ لرننگ

ذیل کے جز میں محکمئہ تعلیم کے تمام طلبا کے لیے متعلقہ معلومات شامل ہیں۔

Department of Education Birth-12

# ریموٹ لرننگ کے لیے اہم معلومات

23 مارچ، 2020 کو نیویارک شہر پبلک اسکولوں نے تمام طلبا کے لیے تعلیمی سال 2019-2020 کے آخر تک ریموٹ لرننگ کا آغاز کیا تھا۔ ریموٹ لرننگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات موصول کرنے کے لیے www.schools.nyc.gov پر جائیں۔

ہمارا مرکزی صفحہ ہمارے اسکولوں اور آپ کے بچے کی تعلیم کے متعلق اہم جدید معلومات دکھاتا ہے۔

نیو یارک کے تمام مکین پیر سے جمعہ تک ایک دن میں تین وقت کے مفت کھانے موصول کر سکتے ہیں۔ ایک مفت کھانے کا مقام اپنے نزدیک تلاش کریں۔

اپنے K-12 بچے کی گھر پر تعلیم میں مدد کے وسائل کے لیے ہمارے طلبا کے لیے سرگرمیاں صفحہ پر جائیں یا ابتدائی طفولیت: گھر پر علم حاصل کریں صفحے پر جائیں یہ جاننے کے لیے کہ شیرخوار، نونہال اور پری اسکول بچوں کی گھر پر تعلیم میں کیسے مدد کریں۔

جن اہل خانہ کو اپنے بچے کی ریموٹ لرننگ کے لیے انٹرنیٹ کے ساتھ ایک آلے کی ضرورت ہے وہ ڈیوائس کی گزارش کا فارم مکمل کرکے یا 718-955-5100 ایکسٹینشن 5 پر رابطہ کر کے درخواست کر سکتے ہیں۔

ہمارا اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا صفحہ طلبا کے لیے ریموٹ لرننگ تک رسائی اور خدمات کے متعلق سوالات کے جوابات کا اشتراک کرتا ہے۔


علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز (RECs) فرسٹ رسپونڈرز کے لیے بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ کے خیال میں آپ اہل ہوسکتے ہیں، REC سروے مکمل کریں۔

# باخبر رہیں

ریموٹ لرننگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات موصول کرنے کے لیے www.schools.nyc.gov پر جائیں۔

COVID-19 کے بارے میں تازہ ترین خبریں موصول کرنے کے لیے 692-692 پر "COVID" ٹیکسٹ کریں۔

Google Translate ہماری ویب سائٹ کی اعانت کرتا ہے۔ آپ اس صفحے کے بالائی حصے میں اپنی ترجیحی زبان کو منتخب کرسکتے ہیں۔






Department of Education Birth-12


# ریموٹ لرنگ کے لیے آلات


جن خاندانوں کو اپنے بچے کے لیے ایک آلے کی ضرورت ہے وہ آلے کی درخواست کے فارم کو مکمل کر کے یا 718-955-5100 ایکسٹینشن 5 پر رابطہ کر کے درخواست کر سکتے ہیں۔

- یہ آلات "انٹرنیٹ کے لیے تیار" ہیں اور ریموٹ لرننگ تک رسائی کے لیے گھر پر انٹرنیٹ کی خدمات درکار نہیں ہیں۔
- تدریسی سرگرمیاں چھاپی جائیں گی اور آلات کا انتظار کرنے والے طلبا کو بذریعہ ڈاک بھیجی جائیں گی۔

ڈیوائس کی گزارش کا فارم آپ سے طالب علم کو آلہ (ڈیوائس) مستعار دینے کا معاہدہ سے متفق ہونے کا مطالبہ کرے گا۔ یہ معاہدہ متعدد زبانوں میں ہے اور یہ بتاتا ہے کہ طلبا ڈیوائس کو کس طرح استعمال کریں۔

ہمارے آئی پیڈ کی تقسیم کے صفحے پر مزید جانیں۔









Department of Education Birth-12

# تکنیکی معاونت حاصل کریں



ہمارے کسی بھی ڈجیٹل تدریسی وسائل میں مدد کے لیے تکنیکی وسائل اور اعانت صفحے کا جائزہ لیں، بشومل گوگل کلاس روم، مائیکرو سافٹ آفس 365، زوم، اور ریموٹ لرننگ پورٹل۔

اگر آپ کو مسائل کا سامنا جاری رہے، ایک خاندانوں کے لیے تکنیکی معاونت فارم مکمل کریں اور عملے کا ایک رکن مسئلے کو حل کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔



Department of Education | Technical Support for Families

English

Technical Support for Families

Please fill out this form to let us know what issues you are having with NYCDOE iPads, other devices, or other technical problems. We will use the contact information you provide to get in touch with you and try to solve your problem. Please type all information correctly and answer all required fields (marked with an *).

Staff can fill this form out on behalf of parents. Staff who need help their own technology issues should log into the Technology Page on the InfoHub.

If you need to request a device, please submit a Remote Learning Device Request form.

Main Topics

Issue with an Application

- Select topic
- Status of iPad Request
- iPad Delivery
- Cannot Use iPad or Device
- No Longer Have iPad or Device
- Issue with an Application

Department of Education Birth-12


# علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز:

علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز (RECs) ایسی جگہیں ہیں جہاں پر فرسٹ رسپورنڈز، کھانا پہنچانے والے اور ریسٹورانٹ کے عملے، اور دیگر صفِ اول کے کارکنان کے بچوں کو بحفاظت دیکھ بھال فراہم کی جاتی ہے جب انکے والدین شہر کو اپنی خدمات فراہم کررہے ہوں۔

RECs صبح 7:30 تا شام 6:00 بجے، پیر تا جمعہ کھلے ہوتے ہیں، اور ہر ضلع میں دستیاب ہیں۔

اگر آپ کے خیال میں آپ اہل ہوسکتے ہیں، REC سروے مکمل کریں، جس میں اہل کارکنان کی ایک مکمل فہرست شامل ہے۔





## Regional Enrichment Center Enrollment Form

Thank you for your service in keeping New Yorkers safe during this extraordinary time. Please complete this form to enroll your child(ren) at a
(REC). Regional Enrichment Centers are only open to children who are New York City residents, and whose parents/guardians are employed i

There are different types of RECs that serve different age groups:

- **RECs** are located in public school buildings and serve students in grades **3-K through 12**.
- **Pre-K Centers** are located in public school buildings and primarily serve **3 and 4 year olds**, as well as older siblings up to 10 years of a
- **Emergency Child Care Centers (ECCs)** are hosted at community-based organizations and serve children aged **6 weeks up to 12 yea**
- **Family Child Care Centers (FCCs)** are home-based providers and serve children aged **6 weeks up to 12 years old**.

Regional Enrichment Centers, Pre-K Centers, and ECCs will be open 7:30am - 6:00pm Monday to Friday. Family Child Care Centers will be o
Friday. Children who are enrolled can attend anytime during open hours.

For more information about Regional Enrichment Centers, visit our website.

If eligible, you will receive confirmation of your enrollment status and next steps within 48 hours. We will continue to assess capacity and dema
eligibility to additional essential personnel and children most in need of this support.



Department of Education Birth-12


# مفت کھانے


نیو یارک کے تمام مکین پیر سے جمعہ تک ایک دن میں تین وقت کے مفت کھانے موصول کر سکتے ہیں۔

میل ہبس بچوں اور خاندانوں کے لیے صبح 7:30 تا صبح 11:30 بجے اور بالغان کے لیے صبح 11:30 تا دوپہر 1:30 بجے تک کام کرتے ہیں۔

کوئی رجسٹریشن یا شناخت درکار نہیں ہے۔ بالغان اور بچے ایک وقت میں تین کھانے لے جاسکتے ہیں۔

ایک مفت کھانے کا مقام اپنے نزدیک تلاش کریں۔ والدین اور سرپرست اپنے بچوں کے لیے کھانے لے جاسکتے ہیں۔





NYC Department of Education

Select Language

Powered by Google Translate

Grab & Go Meals

Find a Free Meal Location Near You

- Free "Grab and Go" meals are available for all New Yorkers.
- Monday through Friday, 7:30 am to 1:30 pm.
- Meals Hubs will operate for children and families from 7:30 am to 11:30 am, and for adults from 11:30 am to 1:30 pm.
- No one will be turned away at any time.
- No registration, ID, or documentation required.
- All three meals a day may be picked up at the same time.
- No dining space is available, so meals must be eaten off premises.
- Parents and guardians may pick up meals for their children.

**All locations, dates, times and menus are subject to change.**

Borough

--

School District

--

Location Name or Street Address With ZIP Code

Mile Radius

--

Search




Department of Education Birth-12

# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

ہمارے اکثر پوچھے جانے والے سوالات صفحے پر ان سوالات کے جوابات کے لیے جائیں جو ان غیریقینی حالات میں ہمارے اہل خانہ اور طلبا کو درپیش ہوسکتے ہیں۔

ہم اس صفحے پر اہم موضوعات کی تجدید کرتے رہیں گے جیسے:

- تدریس اور گریڈ دینا
- حاضری
- کریڈٹ اور سندیافتگی
- خاص خدمات
- امتحان کے مطلوبات



## Information on Remote Learning

Remote learning allows teachers to deliver their lessons online, and students can complete assignments, projects, and assessments just like they would in the classroom.

Remote learning both creates an opportunity for students and teachers to interact online and allows students to continue learning subjects and material that are a key part of their curriculum.

- **Does your student need a device for remote learning? Fill out this survey as soon as possible.**
- **Visit the InfoHub for printable translations of these Frequently Asked Questions**

**Frequently Asked Questions**



NYC Department of Education Birth-12

# ریموٹ لرننگ میں خاص تعلیم خدمات

**اسکول عمر کے طلبا** کے لیے، اگر آپ کے بچے کا ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ہے، آپ کے اسکول نے آپ سے آپ کے بچے کے ایک **خاص تعلیم ریموٹ لرننگ منصوبے** کے بارے میں رابطہ کیا ہوگا۔ یہ منصوبہ تدریس اور خدمات کو بیان کرتا ہے جو آپ کے بچے کی ان کے IEP اہداف کی جانب پیش رفت میں مدد کریں گی۔

**محکمئہ تعلیم پروگراموں میں پری اسکول طلبا** کے لیے، اگر آپ کے بچے کا ایک IEP ہے جو SCIS یا خاص کلاس کی تجویز کرتا ہے، آپ کے اسکول نے آپ سے ایک ریموٹ لرننگ منصوبے کے بارے میں رابطہ کیا ہوگا۔ ایسے IEP کے حامل پری اسکول طلبا جو صرف متعلقہ خدمات اور / یا SEIT کی تجویز کرتا ہے انہیں ریموٹ لرننگ خدمات ٹیلی تھیراپی کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں۔

آپ کا اسکول ہر ممکن کوشش کرے گا کہ وہ انہی استاد (اساتذہ) اور معاون پیشہ ور (وران) سے تدریس حاصل کرنا جاری رکھیں جو عموماً انہیں تدریس دیتے ہیں۔

اگر آپ نے ابھی تک اس منصوبے پر اپنے اسکول سے بات چیت نہیں کی ہے، براہ مہربانی اپنے بچے کے استاد اور / یا متعلقہ خدمات کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

ریموٹ لرننگ منصوبے کے بارے میں ہمارے معلومات صفحے پر اور اپنے بچے کی اعانت میں مزید وسائل کے بارے میں گھر پر تعلیم صفحے پر مزید جانیں۔

اگر

# ریموٹ لرننگ میں انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے خدمات

ہر اسکول نے ان طلبا کے لیے اسکول پیما **ریموٹ لرننگ منصوبے** تشکیل دیے ہیں جو انگریزی زبان کے متعلمین اور سابقہ انگریزی زبان کے متعلمین ہیں۔

آپ کا بچہ اپنی گھریلو زبان میں معقول معاونت کے ساتھ انگریزی میں اہدافی تعلیم موصول کرنا جاری رکھے گا۔ یہ خدمات ایک مناسب سند والے استاد کے ذریعے اور اشتراک میں فراہم کی جائیں گی۔ اگر آپ نے ابھی تک اس پر بات چیت نہیں کی ہے کہ آپکے بچے کو انکے لسانی فروغ میں کس طرح معاونت فراہم کی جائے گی، براہِ مہربانی اپنے بچے کے استاد سے رابطہ کریں۔

ہمارے معلومات صفحے پر مزید جانیں اور گھر پر تعلیم صفحے پر اپنے بچے کی معاونت میں اضافی وسائل کے بارے میں جانیں۔

اگر

Department of Education Birth-12

# ریموٹ لرننگ کے لیے NYCDOE کے لنکس

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم
https://www.schools.nyc.gov/

طلبا کے لیے سرگرمیاں
- K-12:
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students
- پیدائش-5:
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students/early-childhood

ریموٹ لرننگ کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/information-on-remote-learning

مفت کھانے
https://www.schools.nyc.gov/school-life/food/free-meals

ریموٹ لرنگ کے لیے آلات
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/ipad-distribution

علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز
https://www.schools.nyc.gov/enrollment/enrollment-help/regional-enrichment-centers

اپنے محکمئہ تعلیم کے آئی پیڈ کے ساتھ آغاز کرنا
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/ipad-distribution/getting-started-with-your-ipad

تکنیکی وسائل اور معاونت
https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/technical-tools-and-support